سوال

(549)قربانی کی کھالوں سے مسجد کی لائبریری کے لیے کتب خریدنا

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

قربانی کی کھالوں سے مسجد کی لائبریری کے لیے دینی کتب خریدنا اور پھر بلاامتیاز اغنیاء و مساکین سب کا فائدہ اٹھانا کیسا ہے ؟ (سائل حافظ عبدالرحمن صدیقی خطیب جامع مسجد محمدی اہل حدیث تلواڑہ راجپوتاں تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ) (۲۵ دسمبر ۱۹۹۲ء)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علیٰ رسول الله، أما بعد!

قربانی کی کھالیں خالصتاً فقراء و مساکین کا استحقاق ہیں جب کہ لائبریری سے فائدہ اٹھانے والے بلاامتیاز اغنیاء و مساکین سبھی قسم کے لوگ ہوتے ہیں۔ اس لیے قربانی کی کھالیں لائبریری کی کتب پر صرف نہیں ہوسکتیں۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3،کتاب الصوم:صفحہ:422

محدث فتویٰ